© rasailojaraid.com



ابو عمار زاہد الراشدی

# نکاح میں سرپرست کے اختیار کے متعلق

# لاہور ہائی کورٹ کے نام ایک اہم خط

بگرامی خدمت جناب عزت ماب جسٹس احسان الحق چودھری صاحب
و عزت ماب جسٹس ملک محمد قیوم صاحب

لاہور ہائی کورٹ لاہور

السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ
جناب عالی!

گزارش ہے کہ آپ کی عدالت میں زیر سماعت "صائمہ کیس" کے بارے میں شرعی نقطہ نظر سے کچھ ضروری معروضات پیش کر رہا ہوں، قانوناً گنجائش ہو تو انہیں باضابطہ ریکارڈ میں شامل کر لیا جائے اور ضرورت پڑنے پر وضاحت کے لیے عدالت میں حاضری کے لیے بھی تیار ہوں۔ ورنہ ذاتی معاونت ومشاورت سمجھتے ہوئے ان گزارشات کا سنجیدگی کے ساتھ مطالعہ ضرور فرمایا جائے۔ بے حد شکریہ!

اخبارات میں شائع ہونے والی تفصیلات کی روشنی میں اس کیس کا بنیادی طور پر توجہ طلب نکتہ یہ نظر آتا ہے کہ کیا کوئی عاقلہ بالغہ مسلمان لڑکی اہل خاندان یا ولی اور سرپرست کی رضامندی کے بغیر اپنا نکاح خود کر سکتی ہے؟ اس سلسلہ میں علامہ سید محمد انور شاہ کشمیری رحمہ اللہ تعالیٰ نے "فیض الباری علیٰ صحیح البخاری" میں فقہی مذاہب کی جو تفصیل بیان کی ہے اس کا خلاصہ درج ذیل ہے۔

۱۔ حضرت امام مالکؒ، حضرت امام شافعیؒ اور حضرت امام احمد بن حنبلؒ کا ارشاد گرامی یہ ہے کہ عاقلہ بالغہ کنواری لڑکی ولی کی رضامندی اور اجازت کے بغیر نکاح نہیں کر سکتی بلکہ ولی کی اجازت اور رضا کی صورت میں بھی ایجاب وقبول کا اختیار لڑکی کو حاصل نہیں ہے بلکہ اس کی طرف سے یہ ذمہ داری ولی سرانجام دے گا۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



نظائر کے ساتھ مغربی معاشرہ میں "فیملی سسٹم" کی تباہی کے اسباب کو بھی سامنے رکھا جائے کیونکہ یہ کوئی دانش مندی کی بات نہیں ہو گی کہ مغرب جس دلدل سے واپسی کے راستے تلاش کر رہا ہے ہم آزادی اور حقوق کے نام نہاد مغربی فلسفہ کی پیروی کے شوق میں قوم کو اسی دلدل کی طرف دھکیلنا شروع کر دیں۔ امید ہے کہ آپ ان معروضات پر ضرور توجہ فرمائیں گے۔

بے حد شکریہ!

والسلام: ابو عمار زاہد الراشدی خطیب مرکزی جامع مسجد گوجرانوالہ

نوٹ: لاہور کے مختلف مکاتب فکر کے سرکردہ علمائے کرام نے جن میں جامعہ اشرفیہ کے مولانا عبد الرحمٰن، مولانا فضل رحیم، مولانا مفتی شیر محمد علوی، جامعہ رضویہ ماڈل ٹاؤن کے مولانا مفتی غلام سرور قادری، جامعہ نعیمیہ گڑھی شاہو کے ڈاکٹر محمد سرفراز نعیمی، جمعیت اہل حدیث کے مولانا حافظ عبد الرحمٰن مدنی، مولانا حافظ صلاح الدین یوسف اور جامع مسجد خضرا سمن آباد کے خطیب مولانا عبد الرؤف فاروقی کے علاوہ جامعہ المنتظر کے مفتی صاحب بھی شامل ہیں۔ اس مکتوب پر دستخط کر کے اسے علمائے کرام کا متفقہ موقف قرار دیا ہے اور ہائی کورٹ سے درخواست کی ہے کہ اس مقدمہ میں علمائے کرام کو بھی اپنے موقف کی وضاحت کا موقع دیا جائے۔

© rasailojaraid.com